بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ


Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-111122133

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان


حوالہ نمبر: AM-1 1337 -1447/s

تاریخ: 04-04-1447
30-07-2025

## تمام درجات بشمول درجہ حفظ کا داخلہ آن لائن

(1) الحمدللہ 1444ھ سے وفاق المدارس کے تحت آن لائن داخلہ وصولی کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔

(2) 1446ھ کے ضمنی امتحان میں درجہ حفظ کا داخلہ بھی تجرباتی طور پر آن لائن وصول کیا گیا، جو کہ کامیاب رہا۔

(3) **سالانہ امتحان 1447ھ کے لیے تمام درجات بشمول درجہ حفظ کا داخلہ آن لائن ہوگا۔ کسی بھی درجے کا داخلہ سابقہ مروجہ داخلہ فارم پر قبول نہیں کیا جائے گا۔**

(4) درجہ حفظ کے آن لائن داخلہ کی ترتیب بھی درجہ کتب کے داخلہ کے مطابق ہے، تفصیلی طریقہ کار ماہنامہ وفاق المدارس محرم الحرام 1447ھ مطابق جولائی 2025ء کے شمارہ میں شائع کیا گیا ہے اور وفاق کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔
آن لائن داخلہ کرنے سے پہلے اس کا بغور مطالعہ ضرور فرمالیں۔

(5) پھر بھی اگر درجہ حفظ کے کسی مدرسہ کو آن لائن داخلہ کرنے میں دشواری ہو تو درجہ کتب کے قریبی مدرسہ / مسئول وفاق / علاقائی وصوبائی ناظم اور مرکزی دفتر وفاق سے راہنمائی لے سکتے ہیں۔

(6) **ترقی الحاق وتجدید الحاق:**

جس درجہ تک مدرسہ کا الحاق ہوگا اُسی درجہ تک آن لائن داخلے ہوسکیں گے۔ اس سے فوقانی درجات کے آن لائن داخلے اس وقت تک نہیں ہوسکیں گے جب تک اس درجہ میں ترقی الحاق نہیں کروالیں گے۔ (اگر کسی مدرسہ کا الحاق ثانویہ تک ہے تو ترقی الحاق کے بغیر عالیہ سال اول کا داخلہ نہیں ہوسکے گا) لہٰذا ایسے مدارس جلد از جلد ترقی الحاق کروالیں تاکہ آن لائن داخلوں میں مشکلات نہ ہوں۔ نیز جن مدارس کی تجدید الحاق کی مدت پوری ہوچکی ہو وہ بھی اپنی تجدید الحاق کروالیں۔

ترقی الحاق اور تجدید الحاق کے فارم وفاق کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ ہر مدرسہ اپنی آئی ڈی سے بذریعہ خفیہ کوڈ اپنا ترقی الحاق فارم یا تجدید الحاق فارم ڈاؤن لوڈ کرسکتا ہے۔ یہ فارم پُر کرکے مسئول وفاق کی تصدیق، سابقہ سند الحاق اور فیس کے ثبوت کے ساتھ مرکزی دفتر وفاق ملتان کو بھجوائیں۔

والسلام

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان